پریس ریلیز

LGH/PGMI/AMC
Zahid Ph: 0304-4040225

یوم یکجہتی کشمیر:پرنسپل جنرل ہسپتال کی قیادت میں واک کا انعقاد،ہاتھوں کی زنجیر بنائی گئی

کشمیری بھائیوں کا لہو کبھی رائیگاں نہیں جائے گا ،جلد آزادی کا سورج طلوع ہوگا:پروفیسر الفرید ظفر

اہل کشمیر کی آواز بلند کرنے کے لئے پاکستانی نوجوان سوشل میڈیا پر بھرپور کردار ادا کریں:ایم ایس ومقررین

واک میں شرکاء کا بھرپور جوش و خروش ، آزادی کشمیر کے حق میں نعرے بازی

لاہور 5 فروری: ......پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ وامیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر کی زیر قیادت کشمیری بھائیوں سے اظہار یکجہتی کے لئے لاہور جنرل ہسپتال میں واک کا انعقاد کیا گیا جس میں ایم ایس ڈاکٹر محمود صلاح الدین ،پروفیسر صاحبان ،ڈاکٹرز ،نرسز و پیرا میڈیکس ،نرسنگ طالبات اور طبی تنظیموں کے عہدیداران سمیت شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔واک میں شرکاء نے ہاتھوں کی زنجیر بنا کر کشمیری بھائیوں سے بھرپور یکجہتی کا مظاہرہ کیا جبکہ انہوں نے کشمیر بنے گا پاکستان، کشمیر کی آزادی تک جنگ رہے گی جنگ رہے گی اور پاک فوج قدم بڑھاؤ ہم تمہارے ساتھ ہیں کے پلے کارڈز بھی اٹھا رکھے تھے۔

پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی مظالم کے خلاف ہم سب اپنے کشمیری بھائیوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور مستقبل میں بھی اُن کی سیاسی ،اخلاقی و معاشرتی حمائیت ہر حال میں جاری رکھیں گے۔انہوں نے کہا کہ شہیدوں کا لہو کبھی رائیگاں نہیں جائے گا اور کشمیر میں آزادی کا سورج جلد طلوع ہوگا ،پرنسپل پی جی ایم آئی نے کہا کہ کشمیری بھائیوں کی آواز بلند کرنے کے لئے پاکستانی نوجوان سوشل میڈیا پر بھرپور کردار ادا کریں اور جدید ذرائع ابلاغ کے ذریعے عالمی برادری پر کشمیر کی اصل صورتحال واضح کی جائے تا کہ غاصب مودی سرکار کو عالمی دباؤ میں لایا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ کشمیری بھائیوں کی جدوجہد آزادی فیصلہ کن موڑ پر داخل ہو چکی ہے اور اُن کو کسی قسم کے جبر و استبداد سے روکا نہیں جا سکتا۔پروفیسر الفرید ظفر اور ڈاکٹر محمود صلاح الدین نے مزید کہا کہ استصواب رائے کشمیریوں کا بنیادی حق ہے جسے کوئی چھین نہیں سکتا۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے وزیر اعظم عمران خان کی قیادت میں مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر جس طرح اجاگر کیا ہے اُس پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور اس معاملے پر عالمی برادری اور اقوام متحدہ کو بھی کردار ادا کرنا ہوگا۔

ڈائریکٹر ایمرجنسی ڈاکٹر رانا محمد شفیق ،پرنسپل نرسنگ کالج کوثر تسنیم ،انتظامی ڈاکٹرز بھی اس موقع پر موجود تھے۔واک میں شرکاء نے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے بھرپور جوش و خروش کا مظاہرہ کیا اور آزادی کشمیر کے حق میں نعرے بازی کی۔

☆☆☆☆

یوم یکجہتی کشمیر: پرنسپل لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر الفرید ظفر کی زیر قیادت منعقدہ واک، شرکاء ہاتھوں کی زنجیر بنا کر اظہار یکجہتی کر رہے ہیں